## 10844 ـ پگھلا کر زیور بنانے کے لیے سونا دینا

### سوال

میرے پاس پرانا سونا تھا، میں نے وہ سونا نئی چوڑیاں بنانے کے لیے سنار کو دیا، تو اس نے کہا کہ وہ اسے پگھلا کر نئی چوڑیاں بنا دے گا، اور صرف تیار کرنے کی مزدوری لے گا: یعنی اپنے ہاتھ سے جو مزدوری کرے گا اس کی اجرت ہی لے گا، یہ علم میں رہے کہ پرانے سونے کو جب سنار پگھلاتا ہے تو وہ سونا تقریبا دو سے تین گرام تك کم ہو جاتا ہے، تو اس طرح نئی چوڑیاں دیے گئے سونے سے وزن میں کم ہونگی، اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے مجھے جواب دیں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب سنار آپ کے مطالبہ پر آپ کے سونے سے زیور تیار کر کے اپنے کام کی مزدوری لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے.

لیکن اگر وہ آپ کے سونے کے علاوہ کسی اور سونے سے زیور تیار کرے اور اس کے عوض میں آپ کا سونا بھی رکھے اور اجرت بھی حاصل کرے تو یہ جائز نہیں ہے؛ کیونکہ جب سونا سونے سے فروخت کیا جائے تو اس میں برابری اور مجلس میں قبضہ ضروری ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے .